غزہ: اسرائیل کی بمباری، 18 افراد شہید

غزہ سے کینسر کے 21 مریض کرم سالم کراسنگ سے مصر داخل

غزہ/لندن (ایجنسیاں)

غزہ میں اسرائیل کی فوجی جارحیت جاری ہے، سینٹ زون قرار دیے گئے رفح کے علاقے المواسی پر اسرائیلی بم باری کے نتیجے میں 11 فلسطینی شہید جبکہ 40 زخمی ہو گئے۔ وسطی غزہ اور دیرالبلاح میں اسرائیلی بم باری سے 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ نصیرات کیمپ میں اسرائیلی بم باری سے سول ڈیفنس کے 7 ارکان شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے غزہ سٹی کے علاقے شجاعیہ میں تیسری مرتبہ چڑھائی کر کے فلسطینیوں کو انخلاء کے احکامات دے دیے۔ اسرائیلی فوج نے غزہ میں ایک اور اسرائیلی فوجی کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے جس کے بعد زیونی آپریشن میں مرنے والے اسرائیلی فوجیوں کی تعداد 316 ہو گئی۔

دوسری جانب مصر کے العریش شہر کے ایک طبی ذریعہ نے بتایا کہ کینسر کے 21 مریض جمعرات کو جنگ سے تباہ حال غزہ کی پٹی سے کرم شالم راہداری کے ذریعے مصر پہنچے۔ "انہیں علاج کے لیے متحدہ عرب امارات لے جایا جائے گا۔" یہ بات ذریعے نے نام ظاہر نہ کرنے کی درخواست کرتے ہوئے اے ایف پی کو بتائی کیونکہ وہ میڈیا سے بات کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ مئی کے اوائل میں جب اسرائیلی افواج نے ٹرمینل کے فلسطینی حصے پر قبضہ کیا تو رفح سرحدی راہداری کو بند کر دیا تھا جس کے بعد سے یہ غزہ سے پہلا انخلاء ہے۔ رفح راہداری جو امداد اور انخلاء کے لیے ایک اہم راستہ ہے، اسے دوبارہ کھولنے کے لیے مذاکرات بار بار ناکام ہو چکے ہیں۔ قاہرہ نے راہداری کے ذریعے کارروائی دوبارہ شروع کرنے سے انکار کر دیا ہے جب تک فلسطینی حصہ اسرائیلی افواج کے کنٹرول میں ہے۔ کچھ امدادی ٹرکوں کا رخ اسرائیل کے قریب کرم شالوم راہداری کی طرف موڑ دیا گیا ہے لیکن انسانی ہمدردی کے ذرائع کہتے ہیں کہ فلسطینی سرزمین میں داخل ہونے والے ٹرکوں کی یومیہ اوسط 90 سے بھی کم ہے۔ اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ غزہ کے باشندوں کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے روزانہ کم از کم 500 ٹرکوں کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ نے بار بار قحط زدہ اور بمباری سے متاثرہ غزہ میں انسانی بحران پر خطرے سے آگاہ کیا ہے جس پر چند ایک پانی ماندہ پہنچانا کام کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں کیونکہ خوراک اور دیگر ضروری اشیا کا حصول مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ غزہ پر اسرائیلی جارحیت میں اب تک 37 ہزار سے زائد فلسطینی جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ زخمیوں کی تعداد 86 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

فلسطینی

بولیویا میں بغاوت کی کوشش، 17 گرفتار

لا پاز (یو این آئی) بولیویا میں ناکام بغاوت میں ملوث ہونے کے الزام میں تقریباً 17 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، جن میں زیادہ تر فوج کے ارکان ہیں۔ حکومت کے نزدیک اڈوفیل کا سٹیلو نے یہ اطلاع دی۔ جنرل جوآن جوز زونیگا کی قیادت میں سینکڑوں فوجیوں نے بدھ کو بولیویا کے سیاسی طاقت کے مرکز مورلیا اسکوائر پر مظاہرہ کیا اور صدر لوئس آرس کو بے دخل کرنے کی ناکام کوشش میں پرانے سرکاری محل میں گھس گئے۔ تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی کہ بغاوت کی منصوبہ بندی مئی میں شروع ہوئی تھی اور اسے تین گروہوں نے منظم کیا تھا، جن میں زونیگا ورہ اُس لیڈر جوآن آرنیز کی قیادت میں پالنگ گروپ شامل تھا۔

چاپان کے ہوشو کے مشرقی ساحل پر زلزلے کے ہلکے جھٹکے

ٹوکیو (یو این آئی) جاپان کے ہوشو کے مشرقی ساحل پر آج صبح زلزلے کے ہلکے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ بی ایف زیڈ جرمن ریسرچ سینٹر فار ٹیوٹ سائنسز نے بتایا کہ بین الاقوامی وقت کے مطابق آج صبح 1 بج کر 46 منٹ پر محسوس کیے گئے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.0 تھی۔ زلزلے کا مرکز 37.55 ڈگری شمالی عرض البلد اور 142.22 ڈگری مشرقی طول البلد میں 10.0 کلومیٹر کی گہرائی میں تھا۔

پیرو کے ساحل پر 7.1 کی شدت کا زلزلہ

بیجنگ (یو این آئی) جنوبی امریکی ملک پیرو کے ساحل پر جمعہ کے روز 7.1 شدت کا زوردار زلزلہ آیا۔ چائنا ارتھ کوئیک نیٹ ورکس سینٹر (CENC) کے مطابق پیرو کے ساحل پر بیچنگ کے وقت کے مطابق جمعہ کے روز دوپہر 1:36 بجے 7.1 شدت کا زلزلہ آیا۔ ای ایم سی نے کہا کہ زلزلے کا مرکز سطح زمین سے 30 کلومیٹر کی گہرائی میں، 15.90 ڈگری جنوبی عرض البلد اور 74.35 ڈگری مغربی طول البلد پر درج کیا گیا ہے۔

کراچی: 24 گھنٹے کے دوران ہیٹ اسٹروک سے 7 افراد ہلاک

کراچی (یو این آئی) کراچی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ہیٹ اسٹروک سے 7 افراد انتقال کر گئے۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق رواں برس مجموعی طور پر ہیٹ اسٹروک سے ہلاکتوں کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ کراچی میں جمعرات کو ہیٹ اسٹروک کے مجموعی طور پر 212 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ضلع غربی میں سب سے زیادہ ہیٹ اسٹروک کے 98 کیسز رپورٹ کیے گئے جب کہ شرقی قائمہ میں ہیٹ اسٹروک سے 7 افراد انتقال کر گئے۔

حرمین شریفین میں جمعہ کا خطبہ اور نماز کا دورانیہ 15 منٹ

ریاض (ایجنسیاں)

سعودی عرب میں شدید گرمی کے باعث عبادت گزاروں کی جانوں کے تحفظ کے لیے مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں اس جمعہ بھی خطبہ نماز اور دعا کو مختصر ترین کر دیا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق مقدس مساجد کے امور کے نگراں شیخ عبدالرحمان السدیس کی ہدایت پر آج نماز جمعہ کے لیے پہلی اور دوسری اذان کے درمیان وقفہ بھی کم کر کے 10 منٹ کا ہوگا۔ آج نماز جمعہ کا خطبہ اور جماعت کا دورانیہ بھی 30 سے 45 منٹ کے بجائے 15 منٹ ہوگا جب کہ دعا بھی مختصر کی جائے گی۔ یاد رہے کہ نماز اور خطبے کے دورانیے کی تبدیلی گزشتہ جمعہ سے کی گئی تھی جو موسم گرما کے ختم ہونے تک برقرار رہے گی۔ اس تبدیلی کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ لو اور بدن میں شدید گرمی ہے اور عبادت گزار بڑی تعداد میں مسجد الحرام اور مسجد نبوی پہنچتے ہیں۔ مقدس مساجد کے امور کے نگراں شیخ عبدالرحمان السدیس کا کہنا تھا کہ انسانی زندگی افضل ہے۔ جمعے کے لیے نمازی صبح 11 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک گرمی دھوپ اور شدید گرمی میں کھڑے رہتے ہیں۔ شیخ عبدالرحمان السدیس کا کہنا تھا کہ ہم اللہ کے مہمانوں کی میزبانی میں کوئی کسر نہیں چھوڑنا نہیں چاہتے۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ لوگ گرمی میں تڑپیں۔ نماز کے دورانیہ میں کمی عبادت گزاروں کے لیے چیزوں کو آسان بنانے کے لیے کی گئی ہے۔ متحدہ عرب امارات میں جمعے کے روز خطبہ اور نماز کا دورانیہ مختصر کر کے 10 منٹ تک کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ حج کے دوران مکہ کا درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا تھا جس کے باعث ایک ہزار سے زائد عازمین حج انتقال کر گئے تھے جن میں اکثریت غیر رجسٹرڈ حاجیوں کی تھی۔

اسرائیلی عہدیداروں کی گرفتاری

برطانیہ کو عالمی عدالت میں دلائل دینے کی اجازت

لندن (رائٹر) بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کے جنوبی برطانیہ کو اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو اور وزیر دفاع یوآو گیلنٹ کے وارنٹ گرفتاری کے لیے استغاثہ کی درخواست میں دلائل پیش کرنے کی اجازت دے دی۔ جمعرات کو مشترکہ اعلامیے پر آنے والی عدالتی دستاویزات کے مطابق آئی سی سی کی رکن ریاست برطانیہ نے اس ماہ کے شروع میں تحریری مشاہدات فراہم کرنے کے لیے عدالت میں درخواست دائر کی تھی کہ آیا "اعدالت ایسے حالات میں اسرائیلی شہریوں پر دائرہ اختیار استعمال کر سکتی ہے جنکہ اسولمو معاہدے کے تحت فلسطین اسرائیلی شہریوں پر محارمہ دائرہ اختیار استعمال نہیں کر سکتا"۔ جنوبی نے کہا کہ عدالت قانونی معاملے پر توجہ دے اور دیگر فریقوں کی گذارشات بھی قبول کرنے کی ٹیلیں اس کے لیے 12 جولائی کی آخری تاریخ مقرر کی ہے۔ برطانیہ کی درخواست منظور ہو جاتے تو فروری میں اسرائیل کی جنگ پر چھڑ جانے اور گیلنٹ کے وارنٹ گرفتاری پر جنوب کے زیر التوا فیصلے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ آئی سی سی کے پراسیکیوٹر کریم خان نے مئی میں اسرائیلی عہدیداروں کے خلاف درخواست دی تھی۔ آئی سی سی کے پاس 2021 سے اپنے دائرہ اختیار کے اندر کسی بھی مبینہ جرائم کی تحقیقات جاری ہیں جن کا ارتکاب فلسطینی سرزمین پر اور فلسطینیوں کی طرف سے اسرائیل کی سرزمین پر ہوا۔ اس سال آئی سی سی کے جنوب نے فیصلہ دیا کہ اقوام متحدہ کی ممبر ریاست کا درجہ ملنے کے بعد 2015 میں فلسطینی حکام نے عدالت سے معاہدہ کیا تب عدالت کو دائرہ اختیار ملا۔ تاہم اس فیصلے نے 1993 کے اسولمو معاہدے کی تشریح پر ایک فیصلہ کارروائی کے بعد کے مرحلے کے لیے چھوڑ دیا ہے جو اسرائیل شہریوں پر فلسطینیوں کے دائرہ اختیار سے متعلق ہے۔ برطانیہ کا استدلال یہ ہے کہ فلسطینی حکام اسولمو معاہدے کے تحت اسرائیلی شہریوں پر دائرہ اختیار نہیں رکھ سکتے اور اس لیے وہ اس دائرہ اختیار کو اسرائیلیوں پر مقدمہ چلانے کے لیے آئی سی سی کو منتقل نہیں کر سکتا۔

مختصر خبریں

امریکہ نے 'جوہری کشیدگی' میں اضافہ پر ایران کے خلاف نئی پابندیاں عائد کیں

واشنگٹن (رائٹرز) امریکہ نے جوہری معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کے جواب میں جمعرات کو ایران پر نئی پابندیاں عائد کر دی۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے کہا، "گذشتہ مہینے کے دوران ایران نے اپنے جوہری پروگرام کو مزید وسعت دینے کے لیے ایسے قدامات کا اعلان کیا جن کا کوئی قابل جواز پر امن مقصد نہیں ہے۔" تیز انہوں نے کہا، "ہم ایران کو ہر حال میں جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنے کے لیے پرعزم ہیں اور اس مقصد کو حقیقت بنانے کے لیے تمام تر قدامات اٹھانے کو تیار ہیں۔" جمعرات کی کارروائی میں تین کمپنیوں پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں جن پر ایرانی پیٹرولیم پلیٹ و کیمیکل مصنوعات کی نقل و حمل میں ملوث ہونے کا الزام ہے اور اس کے ساتھ 11 متعلقہ بحری جہاز بھی شامل ہیں۔ اس ماہ کے شروع میں سات ممبر ممالک کے گروپ (جی-7) نے ایران کو جوہری افزودگی کے پروگرام میں پیش رفت کے خلاف خبردار کیا اور کہا تھا کہ اگر تہران نے نطنز کے جوہری پلانٹ کو روں کو منتقل کیا تو وہ سخت قدامات نافذ کرنے کے لیے تیار ہوں گے۔

فلائٹ اٹینڈنٹ کو غلط جنس سے پکارنے پر امریکی خاتون کو جہاز سے اتار دیا گیا

واشنگٹن (ایجنسیاں) امریکی ریاست فلیسا کی رہائشی خاتون جینا لوگوریا کا دعویٰ ہے کہ فلائٹ اٹینڈنٹ کو غلط جنس سے پکارنے کی وجہ سے انہیں یونیٹڈ ایئرلائنز کی پرواز سے اتار دیا گیا۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق لوگوریا بچی ماں اور 16 ماہ کے بیٹے کے ساتھ فرانسسکو سے سفر کر رہی تھیں اور انہوں نے فلائٹ اٹینڈنٹ کو منز کہہ کر مخاطب کیا تھا۔ لوگوریا نے بتایا کہ یہ واقعہ تقریباً نو بجے پیش آیا اور انہیں ہوائی جہاز سے اتار دیا گیا حالانکہ انہوں نے اپنی غلطی پر معذرت کر لی تھی۔ ماؤنٹ یوسٹ پر ماخوذ ایک تبدیلیوں کے اثرات، برف میں دبی لاشیں دکھنے لگیں۔ لوگوریا، جو اسی تک اس واقعے پر الجھن میں ہیں، کا کہنا تھا کہ فلائٹ اٹینڈنٹ جس کی شناخت ایک خاتون کے طور پر ہوئی ہے، جب اس نے مجھے ہمارے بورڈنگ پاس دیا تو میں نے کہا، 'شکریہ سر'۔ بس یہی میری غلطی تھی۔' جینا لوگوریا فلائٹ اٹینڈنٹ کے بارے میں کہا کہ "وہ بے یقین ہو گئی۔ میں گلیارے سے نیچے جانے کے لیے ہوائی جہاز کی طرف چلی گئی۔ پھر اس نے میری ماں کو پیچھے سے پکارا اور انہیں میرے ساتھ آنے نہیں دیا۔" لوگوریا نے ایک اور مرد فلائٹ اٹینڈنٹ سے مدد کے لیے کہا اور اسے پہلی فلائٹ اٹینڈنٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "وہ مرد ان کی ماں کو جہاز میں داخل نہیں ہونے دے رہا۔" مرد فلائٹ اٹینڈنٹ نے کہا کہ "وہ مرد؟" اور میں نے کہا ہاں۔"

فرانس: 150 سے زائد تارکین وطن کو بچالیا گیا

پیرس (ایجنسیاں) فرانسیسی حکام کا کہنا ہے کہ برطانیہ پہنچنے کی کوشش کرنے والے 150 سے زائد تارکین وطن کو سمندر کی بے رحم موجوں سے بچالیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق تارکین وطن دو مختلف کشتیوں میں سوار ہو کر انگلش چینل عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جنہیں آنے والے دو روز کے قریب ریسکیو کر لیا گیا ہے۔ پریمیر میری عام اتھارٹی نے بتایا کہ ایک کشتی ڈنکرک کے قریب گریولائنز کے علاقے سے روانہ ہوئی تھی اور سمندر میں چند گھنٹوں کے سفر کے بعد ہی مدد طلب کر لی گئی تھی، ریسکیو اہلکاروں نے 77 افراد کو بحفاظت بس پہنچا دیا ہے۔ دوسری کشتی میں 76 تارکین وطن سوار تھے، جنہیں سمندر کی موجوں سے بچا کر انھیں بندرگاہ لوگون سر بحر لایا گیا۔ چینل عبور کرنے کی کوششیں ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب برطانیہ میں سیاسی ہماہمی 4 جولائی کو عام انتخابات کے لیے ہم پھار ہی ہیں جس میں اسٹیریشن ایک اہم مسئلہ ہے۔

حج رجسٹریشن کی خلاف ورزی کا معاملہ، مصر میں کئی افراد اور کمپنی مالکان کے خلاف جانچ شروع

قاہرہ (یو این آئی)

مصری پبلک پراسیکیوشن نے متعدد سیاحتی کمپنیوں کے خلاف فوری تحقیقات شروع کرنے کا حکم دیا جنہوں نے قانونی کنٹرول اور طریقہ کار کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اس سال حج کے سفر کا انعقاد شروع کیا۔ امریہ کے مطابق پبلک پراسیکیوشن نے المنتوہ کے سینئر انویسٹیگیٹر کے کیس نمبر 8475 میں ایک سیاحتی کمپنی کے مالک کی رپورٹ کے حوالے سے تحقیقات کا آغاز کیا کہ مدعا علیہان کے خلاف تحقیقات کا آغاز کیا۔ پہلا ملزم اسکندریہ گورنریٹ میں کمپنی کی برانچ کا ڈائریکٹر ہے اور ایک اور کمپنی کا مالک تھا۔ اس کیس میں 25 شہریوں کو زیر دیا گیا کہ وہ حج کے لیے مملکت سعودی عرب کا سفر کر سکیں گے۔ انہیں قانونی طریقہ کار کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ویزے جاری کیا گیا۔ اس دوران مشاک حج اور کمپنی کی کوشش کے دوران ایک حاجی کی گرمی سے موت ہوگئی۔ تحقیقات کے مطابق اس کے اہل خانہ سے معلوم ہوا کہ مذکورہ دو سیاحتی کمپنیوں کے مالکان اور اس شعبے میں کام کرنے والے دیگر افراد نے متوفی کو سعودی عرب کا ویزہ دیا جو قوانین وضوابط کی خلاف ورزی اور نقل وحمل اور رہائش کے ذرائع فراہم نہ کرنے کے الزام عائد کیا اور انہیں انہیں احتیاطی طور پر چار دن کے لیے حراست میں رکھنے کا حکم دیا۔ پبلک پراسیکیوشن نے 2024 کے کیس نمبر 4303 میں قسم المبلیل بدعنوانی کے حوالے سے بھی اپنی تحقیقات شروع کی ہیں۔ ویزہ ویزا ملنے کے بعد حج کے مناسک کی ادائیگی کے دوران ایک خاتون کی موت کی رپورٹ کی گئی تھی۔ دو سیاحتی کمپنیوں کے تین افراد کے متعلق غیر قانونی طریقے سے حج کرانے کا مظلوم ہوا۔ دوران حج فوت ہونے والی خاتون کے دونوں بیٹوں نے پوچھ گچھ کرنے پر گواہی دی کہ ملزمان اور کمپنیاں ان کی والدہ کو حج کرنے کے لیے ویزہ اور ویزہ حاصل کرنے میں ملوث تھے۔ ان کی والدہ مناسک حج ادا کرنے کے دوران تھکاوٹ کے نتیجے میں انتقال کر گئیں۔ ان کے پاس نقل وحمل کا کوئی ذریعہ نہیں تھا۔ پوچھ گچھ کے بعد پہلی سیاحتی کمپنی کے مالک نے اس واقعے سے اپنے تعلق سے انکار کیا۔ تحقیقات مکمل ہونے تک اسے حراست میں رکھنے کا کہا گیا ہے۔ سعودی وزارت داخلہ کے سرکاری ترجمان کرنل طلال الحلسوب نے دو روز قبل "امریہ" کو دیے گئے بیانات میں کہا تھا کہ متعدد ممالک میں سیاحتی کمپنیاں ہیں جنہوں نے ویزٹ ویزے رکھنے والوں کو دھوکہ دیا ہے۔ یہ ویزے میں جو حج کے لیے نامزد نہیں کیے گئے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ حج پرمٹ صرف بندرگاہوں یا سکریٹنگ پوائنٹس تک جانے کے لیے ٹرانزٹ کارڈ نہیں ہے بلکہ ایک اہم ذریعہ ہے جو عازمین کی رسائی اور ان کے مقامات کی شناخت میں سہولت فراہم کرتا ہے۔ مظلومہ وقت پر مظلومہ دیکھ بھال اور خدمات فراہم کرنے کے لیے معاون بنتا ہے۔

لبنان پر اسرائیلی حملہ، حزب اللہ کے 2 ارکان ہلاک، جواب میں میزائل داغے

لبنان (ایجنسیاں)

گزشتہ روز جنوبی لبنان پر اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں حزب اللہ کے دو ارکان مارے گئے اور بعد میں حزب اللہ نے جواب میں میزائل حملے سے شمالی اسرائیل کو نشانہ بنایا۔ العربیہ اور الحدث کے نامہ نگار نے بتایا کہ مغربی لبنان کے شہر البقاع کے علاقے تمریں میں ایک موٹر سائیکل کو نشانہ بنایا گیا۔ اس حملے میں ایک شخص مارا گیا۔ نامہ نگار نے بتایا کہ لبنان میں تمر حملے میں مرنے والا حزب اللہ کا کارکن علی احمد علاء الدین تھا۔ حزب اللہ نے بھی تصدیق کی کہ اس کا ایک رکن مارا گیا ہے۔ دوسرے الگ حملے میں جمعرات کو اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے قصبے خداثا کو نشانہ بناتے ہوئے ایک فضائی حملہ کیا۔ اس میں حزب اللہ کا دوسرا رکن مارا گیا۔ اس دوران حزب اللہ نے اسرائیلی علاقے بلائی الجلیل کی طرف درجنوں راکٹ داغ دیئے۔ اسرائیلی میں سائرن بج گئے۔ اخبار "افغانستان ٹائمز" کے مطابق اس سے قبل میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا تھا کہ تقریباً روزانہ اسرائیلی بمباری سے لبنانی "حزب اللہ" کے اہداف پر سفید فاسفورس گولے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ فاسفورس کے استعمال پر بین الاقوامی سطح پر پابندی ہے۔ لبنان کے ساتھ اسرائیلی سرحد کے ساتھ 5 کلومیٹر چوڑے علاقے تا قابل رہائش ہو چکا ہے۔ برطانوی اخبار کے مطابق اصل تباہی اسرائیل اور لبنان کے درمیان اقوام متحدہ کی جانب سے متعین سرحد نما نہاد "بلیو لائن" سے شمال میں 5 کلومیٹر چوڑے علاقے میں ہوئی۔

فائنش ٹائمز نے بتایا اس علاقے پر اسرائیلی حملوں نے نہ صرف حزب اللہ کی فوجی تنصیبات کو بلکہ شہری انفراسٹرکچر کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ رہائشی عمارتیں اور زرعی زمینیں تباہ ہو چکی ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیل ایک ایسا علاقہ لبنان میں ایک بفر زون بنانا چاہتا ہے۔ دوسری جانب جنوبی لبنان کونسل کے سربراہ ہاشم حیدر نے تصدیق کی ہے کہ اسرائیلی بمباری سے ملک کے جنوب میں 3000 سے زائد مکانات مکمل طور پر تباہ ہو گئے۔

لبنان کا سفر نہ کریں امریکہ، روس اور جرمنی کا شہریوں کو مشورہ

واشنگٹن (یو این آئی) امریکہ، روس اور جرمنی کی جانب سے اپنے شہریوں کو لبنان کا سفر نہ کرنے کی تنبیہ۔ جاری کی گئی ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بیروت میں امریکی سفارت خانے نے بیان میں لبنان کے لیے موجودہ سفری انتباہ پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا گیا۔ جاری کئے گئے بیان میں لبنان میں امریکی شہریوں کو تنبیہ۔ کی گئی ہے کہ وہ لبنان کے جنوب اور لبنان شام سرحدی لائن پاپنا گزین کیمپوں کی جانب نہ جائیں۔ رشیا 24 ٹیلی ویژن چینل کو اپنے بیان میں بیروت میں روس کے غیر ایگزیٹو رودا کوف نے مشورہ دیا کہ اگر ممکن ہو تو روسی شہریوں کو لبنان کا سفر ملتوی کر دینا چاہیے۔ بیروت میں روس کے سفیر ایگزیٹو رودا کوف نے کہا کہ وہ لبنان میں رہنے والے روسیوں سے مسلسل رابطہ کر رہے ہیں۔

مالدیپ کے صدر پر 'کالا جادو' کرنے کے الزام میں وزیر ماحولیات سمیت 2 وزرا گرفتار

مالے (ایجنسیاں) وزیر ماحولیات شمناز سلیم، ان کے سابق شوہر اور وزیر مہمان آدم پرصدر محمد معیزو پر کالا جادو کرانے کا الزام ہے مالی مالدیپ میں صدر محمد معیزو پر کالا جادو کرنے کے الزام میں وزیر مملکت ماحولیات فاطمہ شمناز سلیم اور ان کے سابق شوہر آدم معیز کو گرفتار کر لیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق شمناز سلیم کے سابق شوہر آدم معیز بھی وزیر کے عہدے پر فائز تھے اور دونوں کو گزشتہ روز ہی عہدوں سے برطرف کیا گیا تھا اور آج ان کی گرفتاری ظاہر کر دی گئی۔ پولیس ذرائع نے میڈیا کو بتایا کہ ماحولیات کی وزیر مملکت شمناز سلیم کو 2 دیگر افراد کے ہمراہ اتوار کو گرفتار کر کے 7 دن کے لیے ریمانڈ پر بھیج دیا گیا تھا۔ مالدیپ کے آئین میں کالے جادو کی کوئی سزا متعین نہیں ہے البتہ شرعی قوانین کے تحت کالے جادو پر 6 ماہ قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ یاد رہے کہ محمد معیزو جب میئر تھے تو شمناز اور میز کونسل کے ممبر تھے اور تینوں کے درمیان دوستانہ تعلقات تھے۔ گزشتہ برس نومبر میں معیزو کے صدر بننے پر شمناز کو پہلے صدر کے سرکاری پالیسی کا مشاورت میں وزیر مملکت اور پھر وزارت ماحولیات منتقل کیا گیا تھا۔ مقامی میڈیا کے مطابق شمناز سلیم کے سابق شوہر میز 6 ماہ سے زائد عرصے سے عوامی منظر سے غائب ہیں اور اپنے سابق محمد معیزو کے صدر بننے کے بعد سے مکمل خاموش ہیں۔ مالدیپ کی حکومت اور صدارتی دفتر نے ابھی تک اس معاملے پر کوئی بیان نہیں دیا جب کہ پولیس نے دونوں وزرا کی گرفتاری میں کالے جادو کے عنصر کی تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا۔

ہوا سے پانی اکٹھا کرنے کیلئے نئی ٹیکنالوجی تیار

لندن (ایجنسیاں)

کیمبرج میں سائنس دانوں نے ایک ایسی ڈیوائس بنائی ہے جو فضی نما سسٹم کا استعمال کرتے ہوئے ہوا سے پینے کا پانی حاصل کر سکتی ہے۔ یہ ٹیکنالوجی زمین کے ماحول سے کھربوں لیٹر پانی حاصل کر کے صاف پانی کی بڑھتی عالمی طلب کو پورا کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔ امریکہ کے میساچوسٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، یونیورسٹی آف نیفیس اور جورج انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے تعلق رکھنے والے محققین کی ٹیم نے ایک کم قیمت اور کھچک سسٹم بنایا ہے جو سورج پشن پر مبنی ڈی ایم اسٹیرفیرک واٹر ہارڈ میسٹنگ (ایس اے ڈبلیو ایچ) کے طریقے کا استعمال کرتا ہے، اور اس میں گے پانی جذب کرنے والے پر پانی اکٹھا کرتے ہیں۔

ٹیکنالوجی کی تفصیلات بتاتے ہوئے محققین نے بتایا کہ دنیا کی تقریباً دو تہائی آبادی پانی کی قلت کا شکار ہے اور یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ 2030 تک تقریباً 40 فی صد تک عالمی سطح پر پانی کی سالانہ مانگ پوری نہیں کی جا سکے گی جو خوراک، زراعت اور زرعی اطلاق کے لیے مزید مسائل پیدا کرے گی۔ محققین نے بتایا کہ زمینی ماحول میں 13000 کھرب تازہ پانی موجود ہے جس کو موجودہ طاقت پانی کی پیداوار پر انحصار کیے بغیر اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔ سورج پشن پر مبنی ڈی ایم اسٹیرفیرک واٹر ہارڈ میسٹنگ انتہائی خشک ماحول میں پینے کے پانی کو جمع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جبکہ روایتی ڈی ایم اسٹیرفیرک واٹر ہارڈ میسٹنگ طریقے معقول حل نہیں ہیں۔

ٹرمپ اور بائیڈن کا صدارتی مباحثہ، امریکی میڈیا کو فیکٹ چیک جاری کرنا پڑا

واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدارتی انتخابات کے سلسلے میں پہلے مباحثے میں بائیڈن اور ٹرمپ جب آمنے سامنے آئے تو اتنا جھوٹ بولا کہ امریکی میڈیا کو فیکٹ چیک جاری کرنا پڑا۔ امریکہ میں جون رواں سال صدارتی انتخابات میں موجودہ اور سابق امریکی صدور جو بائیڈن اور ڈونالڈ ٹرمپ مشترکہ طور پر ایک دوسرے کے سخت حریف ہیں جو ملک میں اجری کی ذمے داری ایک دوسرے پر عائد کرتے ہوئے سنگین الزامات اپنی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گزشتہ روز صدارتی الیکشن کے سلسلے میں پہلا مباحثہ ہوا جو جس میں شریک جو بائیڈن اور وہ ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک دوسرے کو جھوٹا ٹھہرانے کے لیے انتہا جھوٹ بولا کہ امریکی میڈیا بھی حیران رہ گیا اور عوام الناس کو حقیقت حال سے آگاہ کرنے کے لیے اسے تفصیلی فیکٹ چیک جاری کرنا پڑا۔

گوگل کروم کے موبائل صارفین کیلئے 5 نئے فیچر زمتعارف

واشنگٹن (یو این آئی) اگر آپ موبائل فونز پر گوگل کروم ویب براؤزر استعمال کرتے ہیں تو اچھی خبر ہے کہ اس میں 5 نئے فیچر زکا اضافہ کیا گیا ہے۔ ہر فیچر کا مقصد کروم پر سرچ کرنے کے تجربے کو بہتر بنانا ہے۔ یہ سب فیچر زجلد ایڈ رائیڈ اور آئی او ایس ڈیوائسز پر صارفین کو دستیاب ہوں گے۔ ان میں سے ایک فیچر کروم ایکسٹنز ہے جس سے صارفین کو سیٹنگز میں جائے بغیر مخصوص کام کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اب اس فیچر کو بہتر بنا کر لوکل سرچ رزلٹس کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ یعنی صارفین اپنے قریب موجود کاروباری اداروں کے بارے میں سرچ کر سکیں گے اور کال، ڈائریکشنز یا ریویز جیسے شارٹ کٹ، نٹور کے ذریعے ان تک فوری رسائی حاصل کر سکیں گے۔ یہ فیچر ابھی ایڈ رائیڈ ڈیوائسز کے لیے متعارف کرایا گیا ہے، مگر جلد آئی فونز پر بھی دستیاب ہوگا۔ اسی طرح آئی او ایس اور ایڈ رائیڈ ڈیوائسز پر ایک ایسے فیچر کا اضافہ بھی کیا جا رہا ہے جس کے تحت پرائی سرچز کے مطابق ویب سائٹس سیٹ کی جائیں گی۔ یعنی اگر کوئی فرد ڈاکٹر گوگل کروم پر کسی مخصوص لنک کو کلک مخصوص ویب سائٹ پر مڑنے کرتا ہے تو وہ ویب سائٹ مخصوص لنک کو سرچ کرنے پر سب سے اوپر نظر آئے گی۔ ایک اور کارآمد فیچر فرینڈ لک سرچ کا ہے جو اس سے پہلے صرف ایڈ رائیڈ صارفین کے لیے دستیاب تھا۔ مگر اب اسے آئی او ایس صارفین کے لیے بھی متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے یہ معلوم ہو سکے گا کہ گوگل سرچ پر کونسی سرچز زیادہ مقبول ہیں۔ گوگل کی جانب سے کروم کی ڈسکوفریڈ میں لائیو اسپورٹس کارڈز کا فیچر بھی متعارف کرایا جا رہا ہے۔ اس فیچر سے صارفین کو معلوم ہو سکے گا کہ ان کی پسندیدہ ٹیم کا مقابلہ کب ہوگا اور اس مقابلے کے تازہ ترین اسکورز اور بائی لائنس کی اپ ڈیٹس انہیں دستیاب ہوں گی۔ صارفین اس حوالے سے کروم کے فیچرز ڈرائی میٹیج میں جا کر اپنی پسند کی سینگز کو اطلاق کر سکیں گے۔ گوگل کی جانب سے آئی پیڈ اور ایڈ رائیڈ ٹیبلیٹس میں کروم ایڈریس بار کو بھی بہتر بنایا جا رہا ہے۔ ٹیبلیٹس میں نئے ڈیزائن سے صارفین کروم ایڈریس بار واپس کر سکیں گے اور یہ بھی دیکھ سکیں گے کہ وہ ابھی کس ویب پیج کو دیکھ رہے ہیں۔